سوال

(721) منگنی کے ارادے سے لڑکی کے سینے اور بالوں کو دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا آدمی کے لیے اس عورت کی ہتھیلیوں اور چہرے کے علاوہ کچھ دیکھنا جائز ہے جس سے وہ منگنی کا ارادہ رکھتا ہو، مثلاً اس کے سینے اور بالوں کو دیکھنا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ظاہر یہی ہے کہ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے بغیر یہ جائز ہے اسی کے ہم معنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

"اذاالقی فی قلب احدکم خطبۃ امراۃ فلینظر الی مایدعوہ الی نکاحھا"[1]

"جب تم میں سے کسی کے دل میں کسی عورت کو نکاح کو پیغام دینے کا خیال ڈالا جائے تو وہ اس کی طرف دیکھ سکتا ہے جو اسے اس کے نکاح کی دعوت دیتا ہے۔

البتہ طے شدہ پروگرام کے ساتھ صرف ہتھیلیوں اور چہرے سے زیادہ دیکھنا جائز نہیں۔ (علامہ ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ)

---

[1]۔حسن مسند احمد(3/334)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 639